URDU

RINGERIKE KOMMUNE

# بارنے ہاگے
# - ایک اچھا آغاز



بارنے ہاگے میں آپ کا بچہ نارویجن زبان سیکھتا ہے، دوسرے بچوں سے واقف بنتا ہے اور سکول کے آغاز کے لیے اچھی طرح تیار ہو جاتا ہے۔

بارنے ہاگے آپ کے بچے کے لیے ایک محفوظ جگہ ہے۔

اپنے بچے کے لیے بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواست دیں اور اسے ایک اچھا آغاز دلائیں۔



## بارنے ہاگے آپ کے بچے اور آپ کے لیے اہم ہے

بارنے ہاگے خوشی، دوستی اور نشوونما کا مقام ہے۔ آپ کا بچہ کھیل اور دوسری سرگرمیوں کے ذریعے سیکھتا ہے۔

بارنے ہاگے تعلیمی دور کا ایک حصہ ہے۔

بارنے ہاگے میں بچہ نارویجن زبان سیکھتا ہے اور نارویجن کلچر سے واقف بنتا ہے۔ جو بچے سکول شروع کرنے سے پہلے نارویجن سیکھ لیتے ہیں، وہ سکول میں زیادہ کامیاب رہتے ہیں۔

بچے ایک ساتھ کئی زبانیں سیکھ سکتے ہیں اور بارنے ہاگے آپ کے بچے کو اس کی مادری زبان کی نشوونما کے لیے سہارا دے گا۔

بارنے ہاگے میں والدین کو دوسرے چھوٹے بچوں کے والدین سے ملنے کا موقع ملتا ہے۔

## بارنے ہاگے محفوظ جگہ ہے

بارنے ہاگے میں خیال رکھنے والے اور تربیت یافتہ بڑے بچوں کو بہت اچھی طرح سنبھالتے ہیں۔

عملہ اور والدین مل کر طے کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کے لیے کیا بہترین ہے۔

بارنے ہاگے اقوام متحدہ کے بچوں کے کنونشن پر عمل کرتا ہے: بڑے وہ کریں گے جو بچوں کے حق میں بہترین ہو۔



## مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ میرا بچہ بارنے ہاگے میں خوش ہے؟

آپ کا بارنے ہاگے کے عملے سے قریبی واسطہ رہتا ہے
اور آپ کو عملے کے ساتھ اپنے بچے کے بارے میں بات کرنے کا موقع ملتا ہے۔

بارنے ہاگے میں بچوں کے دوست بنتے ہیں اور وہ کھیل اور دلچسپ سرگرمیوں میں شریک ہوتے ہیں۔

## بارنے ہاگے کی فیس کتنی ہے؟

بارنے ہاگے کی فیس آپ Ringerike بلدیہ کی ویب سائیٹ پر دیکھ سکتے ہیں:

www.ringerike.kommune.no/barnehager

ان صورتوں میں آپ کو کم فیس ادا کرنے یا ہفتے میں 20 مفت گھنٹوں کا حق حاصل ہو سکتا ہے:

- آپ کی آمدن کم ہو
- آپ کے ایک سے زیادہ بچے بارنے ہاگے میں ہوں

اگر آپ ٹاؤن ہال کے سروس سنٹر سے رابطہ کریں تو اس بارے میں مزید تفصیل جان سکتے ہیں۔

فون نمبر: 32 11 74 00
ای میل: servicetorget@ringerike.kommune.no

## میں بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواست کیسے دوں؟

بارنے ہاگے میں داخلے کی درخواست بلدیہ کی ویب سائیٹ پر بارنے ہاگے پورٹل میں دی جاتی ہے۔

www.ringerike.kommune.no/barnehager

RINGERIKE
KOMMUNE

# ہم درخواست دینے میں بخوشی آپ کی مدد کریں گے!

آپ کے رہائشی علاقے کے ہیلتھ سٹیشن یا Familiens hus میں نرس
درخواست مکمل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔




اس بارے میں مزید پڑھیں کہ بارنے ہاگے کیوں اہم ہے:
www.ringerike.kommune.no/multilingual

اپنے بچے کو بارنے ہاگے میں داخل کروائیں!